SECP

# SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

## PRESS RELEASE

For immediate release

January 21, 2020

**ایس ای سی پی نے مالیاتی شعبے میں جدت کے فروغ کے لئے پہلے ریگولیٹری سینڈ بکس یونٹ کا افتتاح کر دیا**

اسلام آباد (جنوری 20) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے مالیاتی شعبے میں جدت اور نئی نئی مصنوعات اور خدمات کے فروغ کے پیش نظر، ملک کے پہلے ریگولیٹری سینڈ بکس میں رجسٹریشن کے لئے کمپنیوں سے درخواستیں وصول کرنے کا اعلان کر دیا۔ ریگولیٹری سینڈ بکس میں کاروباری ادارے کسی بھی پراڈکٹ، خدمت، طریقہ کار یا بزنس ماڈل کو محدود پیمانے پر ایک کنٹرولڈ ریگولیٹری ماحول میں تجرباتی طور پر متعارف کروا سکتے ہیں۔

ریگولیٹری سینڈ بکس کی سہولت ایس ای سی پی کے ریگولیٹری دائرہ میں آنے والے تمام شعبوں جسے کہ انشورنس، کیپیٹل مارکیٹ، نان بینکنگ فنانشل سیکٹر اور تمام کارپوریٹ سیکٹر کے لئے دستیاب ہے۔ ایس ای سی پی، ریگولیٹری سینڈ باکس گائیڈ لائنز 2019 پہلے ہی جاری کر چکا ہے۔ ریگولیٹری سینڈ بکس میں رجسٹریشن کے لئے رجسٹرڈ کمپنیاں، غیر رجسٹرڈ اسٹارٹ اپس اور دیگر اہل افراد و ادارے یکم فروری سے 15 مارچ تک درخواستیں جمع کروا سکیں گے۔ تاہم، ایسے افراد و ادارے جو کہ ایس ای سی پی کے ساتھ بطور کمپنی رجسٹرڈ نہیں ہیں، سینڈ بکس میں اندارج میں کامیابی کی صورت میں انہیں ایس ای سی پی سے بطور کمپنی رجسٹریشن حاصل کرنا ہو گی۔

ریگولیٹری سینڈ میں رجسٹریشن کے لئے درخواست فارم، اہلیت، طریقہ کار اور دیگر متعلقہ دستاویزات سینڈ باکس گائیڈ لائنز میں فراہم کی گئیں ہیں جو کہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے اور اس لنک پر جا کے دیکھی جا سکتی ہیں۔ https://www.secp.gov.pk/document/secp-regulatory-sandbox-guidelines-2019/?wpdmdl=37476

ایس ای سی پی تمام درخواستوں کی ابتدائی سیکرینگ اور تفصیلی جائزہ لے گا۔ سینڈ باکس میں شامل کئے گئے کامیاب درخواست دہندگان اپنے منفرد کاروباری آئیڈیاز اور ان کے حل چھ ماہ تک اس خصوصی رعایتی ماحول میں جانچ سکیں گے۔ تجرباتی مدت کی تکمیل پر، سینڈ باکس میں رجسٹرڈ کاروباری ادارے تجربے کی تفصیلی رپورٹ ایس ای سی پی کو پیش کریں گے۔ ان رپورٹ کی بنیاد پر ان مالیاتی پراڈکٹ اور کاروباری آئیڈیاز کے حوالے سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005